**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 01.03.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | چینی سفیر اسکالرشپ پروگرام نئی نسل کو جدید تعلیم سے آراستہ کریگا، گورنر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | احتجاج کرنا ہر شہری کا حق شاہراہوں کو بلاک کرنا برداشت نہیں کیا جائے گا، سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | سائنسی نمائش طلباء کی صلاحیتوں میں معاون ثابت ہوگی، ظہور بلیدی۔ | انتخاب حب ودیگر اخبارات |
| 04 | ملک دشمن قوتیں بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنا رہی ہیں، نور محمد دمڑ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | اکوڑہ خٹک وکوئٹہ میں سیکیورٹی فورسز پر دہشتگرد حملے قابل مذمت ہین سرادر کھیتران۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | بلوچستان سرکاری ہسپتال میں 800 سے زائد ڈاکٹرز کنٹریکٹ پر تعینات۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | دوہری نوکریاں رکھنے والوں کے خلاف کاروی تیز کی جائے، چیف سیکرٹری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | بلوچستان اسمبلی کے موجودہ ہال کا انہدام سی اینڈ ڈبلیو اور عیسپاک کی رپورٹ سے مشروط قرارداد منظور۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | دوطرفہ تجارت 3 بلین ڈالر تک لے جانا چاہتے ہیں، بنگلہ دیش ہائی کمشنر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | بلوچستان میں ایکو کلچر کو فروغ دینے کیلئے پرعزم ہیں، بلال کاکڑ۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | قائم مقام چیف جسٹس محمد اعجاز سواتی کی سربراہی میں تعزیتی اجلاس۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بلوچستان اسمبلی فضائی کرایوں میں کمی کی قرارداد منظور سڑکیں بند ہونے سے ایئر لائنز نے لوٹ مچادی ارکان اسمبلی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | بلوچستان اسمبلی صوبے میں امن وامان کی صورتحال پر ارکان کا اظہار تشویش۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | بلوچستام اسمبلی ایک سال میں 12 قوانین 47 قراراردادیں منظور کی گئیں۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | حکومت کی ہٹ دھرمی اور ناانصافی قبول نہیں، رحمت صالح بلوچ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | ملازم دشمن حکومت غیر قانونی ہتھکنڈوں پر اتر آئی نیشنل پارٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | سانحہ اکوڑہ خٹک حکومت اور اداروں کی ناکامی ہے، ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

ایس بی کے ٹیسٹ کے کامیاب امیدواروں کا دھرنا جاری کمیٹی کا صدر اور ساتھی گرفتار، ڈاکوؤں کے تعاقب میں جانیوالی پولیس پارٹی پر حملہ ایس ایچ او زخمی، کوئٹہ بم دھماکہ سیکورٹی اہلکاروں سمیت 15 افراد زخمی ٹراما سینٹر منتقل۔

## عوامی مسائل:

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 01.03.2025

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "کوئٹہ میں بدترین ٹریفک جام !" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بدقسمتی سے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ بڑے مسائل سے دوچار ہے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ شہر بڑی اہمیت کا حامل ہونے کے باوجود مسائل سے چھٹکارا حاصل نہیں کر پا رہا۔ بلکہ یہ مسائل کم ہونے کے بجائے مزید بڑھتے جا رہے ہیں۔ ان بڑے مسائل میں ایک بہت بڑا مسئلہ اہم شاہراہوں پر دھرنا دینا ہے کیونکہ ان دھرنوں کے باعث ٹریفک جام بدترین جام ہو جاتی ہے۔ جب ایک شاہراہ دھرنے کے باعث بند ہو جاتی ہے تو اس کی وجہ سے دیگر شاہراہوں پر بھی ٹریفک جام ہو جاتا ہے۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی سڑکیں چھوٹی ہیں ان سے اکثر ہزاروں کی آبادی کے لئے بنی تھیں لیکن اب چونکہ آبادی لاکھوں میں چلی گئی ہے تو اس صورت میں یہ سڑکیں مزید بوجھ برداشت نہیں کر سکتیں۔ شہر میں چند ایک سڑکوں کی کشادگی کے علاوہ اب تک وہی سڑکیں موجود ہیں۔ جس میں عوام خصوصا بوڑھوں بچوں اور عورتوں کو بڑی تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے جو کہ بڑی تشویش کی بات ہے۔

**اداریے:**

روزنامہ بلوچستان ٹائم کوئٹہ نے "Hefty airfares" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

**مضامین:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "بلوچستان میں ریسکیو مراکز قیام کیلئے وفاقی وزیر جام کمال کی خدمات" کے عنوان سے عبدالواحد اے ڈی ڈی جی پی آر کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 01 MAR 2025

Page No. 1

## چینی سفیر اسکالرشپ پروگرام نئی نسل کو جدید تعلیم سے آراستہ کریگا، گورنر

**نوجوانوں کی پوشیدہ صلاحیتوں میں نکھار پیدا کرنے کیلئے مواقع اور سہولیات کی ضرورت ہے، خطاب**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا ہے چائنیز ایمبیسڈرز اسکالرشپ بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید تعلیم سے آراستہ

کر کے انہیں بااختیار بنانے کیلئے اہم سنگ میل ہے۔ چینی سفیر اسکالرشپ کا مقصد ان طلباء کو ایک پلیٹ فارم فراہم کرتے ہوئے اس خلا کو پر کرنا ہے۔ یہ تعاون بلاشبہ ہماری نئی نسل کو جدید تعلیم سے آراستہ کریگا، انہیں مستقبل کے رہنما اور تبدیلی ساز بننے کیلئے بااختیار بنائیگا۔ ہم بلوچستان کے نوجوانوں کو سکالرشپ فراہم کرنے پر حکومت چین اور چینی سفیر کے خصوصی طور پر مشکور ہیں اور ہم امید کرتے ہیں کہ پاکستان اور چین کے درمیان خوشگوار تعلقات جاری رہینگے جو مزید تعلیمی تعاون کی راہ ہموار کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چائنیز ایمبیسی کی جانب سے چائنیز ایمبیسڈرز اسکالرشپ کی منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر وائس چانسلر گوادر یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر، یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی، وائس چانسلر وویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق، میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کے وائس چانسلر ڈاکٹر ممتاز علی بلوچ، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی اور چیرمین فرینڈز آف چائنا بایزید خان کاسی سمیت کئی اہم شخصیات موجود تھیں، واضح رہے کہ کچھ عرصہ قبل جعفرخان مندوخیل گورنر بلوچستان بنے سے پہلے جب بلوچستان سے ایک وفد کی قیادت کرتے ہوئے بلوچستان کے طلباء کیلئے اسکالرشپ کا مطالبہ کیا جس کے بعد چائنیز ایمبیسڈر نے بلوچستان کیلئے خصوصی اسکالرشپ کی منظوری تھی، تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج چائنیز ایمبیسی کی جانب سے بلوچستان کی تین مختلف پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں (یونیورسٹی آف بلوچستان، ایس بی کے وویمن یونیورسٹی اور گوادر یونیورسٹی کے مستحق اور محنتی طلباء کو اسکالرشپ فراہم کیا جارہا ہے۔



کوئٹہ، گورنر جعفر مندوخیل چائنیز ایمبیسڈر سکالرشپ کی تقریب کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## چائنیز ایمبیسڈر سکالرشپ بلوچستان کے طلبہ کیلئے گراں قدر تحفہ ہے، گورنر

**یہ تعاون بلاشبہ ہماری نئی نسل کو جدید تعلیم سے آراستہ کرے گا، اسکالرشپ ایوارڈ تقریب سے خطاب**

**یہ اقدام تعلیم اور ترقی کے فروغ میں پاکستان اور چین کے مابین مضبوط شراکت داری کو واضح کرتا ہے، چینی سفیر**

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ "چائنیز ایمبیسڈرز سکالرشپ" کے چیک تقسیم کرنے سے متعلق یہ پروقار تقریب، بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید تعلیم سے آراستہ کر کے انہیں بااختیار بنانے کا اہم سنگ میل ہے۔ چینی سفیر اسکالرشپ کا مقصد ان طلبا کو ایک پلیٹ فارم فراہم کرتے ہوئے اس خلا کو پر کرنا ہے۔ یہ تعاون بلاشبہ ہماری نئی نسل کو جدید تعلیم سے آراستہ کریگا، انہیں مستقبل کے رہنما اور تبدیلی ساز بننے کیلئے بااختیار بنائیگا۔ ہم بلوچستان کے نوجوانوں کو سکالرشپ فراہم کرنے پر حکومت چین اور چینی سفیر کے خصوصی طور ......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

پر مشکور ہیں اور ہم امید کرتے ہیں کہ پاکستان اور چین کے درمیان خوشگوار تعلقات جاری رہینگے جو مزید تعلیمی تعاون کی راہ ہموار کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چائنیز ایمبیسی کی جانب سے چائنیز ایمبیسڈرز اسکالرشپ کی منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا. اس موقع پر وائس چانسلر گوادر یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر، یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی، وائس چانسلر وویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق، میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی کے وائس چانسلر ڈاکٹر ممتاز علی بلوچ،، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی اور چیرمین فرینڈز آف چائنا بایزید خان کاسی سمیت کئی اہم اشخاص موجود تھے . واضح رہے کہ کچھ عرصہ قبل جعفرخان مندوخیل گورنر بلوچستان بنے سے پہلے جب بلوچستان سے ایک وفد کی قیادت کرتے ہوئے بلوچستان کے طلبا کیلئے اسکالرشپ کا مطالبہ کیا جس کے بعد چائنیز ایمبیسڈر بلوچستان کیلئے خصوصی اسکالرشپ کی منظوری تھی . آج کی تقریب اسی کی کڑی ہے . چائنیز ایمبیسڈرز اسکالرشپ کی تقریب کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج چائنیز ایمبیسی کی جانب سے بلوچستان کی تین مختلف پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں )یونیورسٹی آف بلوچستان، ایس بی کے وویمن یونیورسٹی اور گوادر یونیورسٹی کے مستحق اور محنتی طلبا کو اسکالرشپ فراہم کیا جا رہا ہے۔ یہ شاندار اقدام اس بات کا اعتراف کرتا ہے کہ ہمارے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں سے معمور ہیں لیکن محدود مواقع اور وسائل کے فقدان کی وجہ سے اکثر کئی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی تعلیم اور ترقی کے فروغ میں پاکستان اور چین کے درمیان مضبوط شراکت داری کو واضح کرتی ہے۔



گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل چائنیز ایمبیسڈر سکالرشپ کے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز میں چائنیز ایمبسڈر سکالرشپ کے چیک تقسیم کررہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

Page No. 5

جلد 29 — ہفتہ یکم مارچ 2025ء بمطابق 30 شعبان 1446ھ قیمت 20 روپے — شمارہ 60

# صوبے میں دفعہ 144 نافذ کرنے کا حکم، قومی شاہراہیں فوری طور پر بحال کی جائیں، وزیراعلیٰ

تسلسل کیساتھ قومی شاہراہوں کی بندش باعث تشویش ہے احتجاج کرنا ہر شہری کا حق لیکن شاہراہوں کو بلاک کرنا کسی صورت برداشت نہیں

روڈز کی بندش بحال نہ ہونے اور متعلقہ افسران کیخلاف کارروائی ہوگی، روک تھام کیلئے موثر حکمت عملی مرتب کی جائے، وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب


کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں جمعہ کو امن و امان اور قومی شاہراہوں کی غیر قانونی بندش سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند کے مطابق اجلاس میں ایڈیشنل [illegible]

چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ یکم جنوری سے اب تک 76 مرتبہ قومی شاہراہوں کی بندش کے واقعات رونما ہوئے ہیں شاہراہوں کی بندش سے عوام کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے تسلسل سے شاہراہوں کی بندش کے واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس کی روک تھام کیلئے موثر حکمت عملی مرتب کرنے کا حکم دیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ ایسے تمام اضلاع جہاں روڈز کی بندش تاحال جاری ہے وہاں فوری طور پر شاہراہیں بحال کی جائیں بصورت دیگر متعلقہ افسران کے خلاف کارروائی ہوگی وزیراعلیٰ نے صوبے میں ایک بار پھر دفعہ 144 نافذ کرنے کے احکامات جاری کئے تاکہ کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کو روکا جاسکے ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے کہا کہ احتجاج کرنا ہر شہری کا حق ہے لیکن قومی شاہراہوں کو بلاک کرنا کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بعض عناصر خواتین اور بچوں کو ڈھال بنا کر مسافروں کو تنگ کرنے کی کوشش کررہے ہیں جو ناقابل قبول ہے اور اس قسم کی سرگرمیوں کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا

## اکوڑہ خٹک جامع مسجد میں دھماکہ بزدلانہ کارروائی ہے، وزیراعلیٰ

**مولانا حامد الحق حقانی سمیت قیمتی جانوں کا ضیاع ناقابل تلافی نقصان ہے اہلخانہ سے تعزیت**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کی جامع مسجد میں ہونے والے دھماکے کی سخت مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ کارروائی قرار دیا ہے اپنے ایک تعزیتی بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ اس وحشیانہ حملے میں قیمتی جانوں کا ضیاع ناقابل تلافی نقصان ہے اور اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے دھماکے میں مولانا حامد الحق حقانی سمیت شہید ہونے والے تمام افراد کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ دکھ کی اس گھڑی میں لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی امن وامان کی صورتحال اور شاہراہوں کی غیر قانونی بندش کے تدارک کیلئے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6


روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم

بیاد: حصول الرحمن

چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 76 | ہفتہ یکم مارچ 2025ء 30 شعبان المعظم 1446ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 181


# وزیر اعلیٰ بلوچستان کا شاہراہوں کی بندش پر اظہار تشویش

اسکی روک تھام کیلئے موثر حکمت عملی مرتب کی جائے، ایسے تمام اضلاع جہاں روڈز کی بندش تا حال جاری ہے وہاں فوری طور پر شاہراہیں بحال کی جائیں بصورت دیگر متعلقہ افسران کیخلاف کارروائی ہوگی کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کو روکنے کیلئے سرفراز بگٹی کے صوبے میں ایک بار پھر دفعہ 144 نافذ کرنے کے احکامات جاری

احتجاج کرنا ہر شہری کا حق ہے لیکن قومی شاہراہوں کو بلاک کرنا کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، بعض عناصر خواتین اور بچوں کو ڈھال بنا کر مسافروں کو تنگ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جو نا قابل قبول ہے اور اس قسم کی سرگرمیوں کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ(خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں جمعہ کو امن وامان اور قومی شاہراہوں کی غیر قانونی بندش سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند کے مطابق اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ یکم جنوری سے اب تک 76 مرتبہ قومی شاہراہوں کی بندش کے واقعات رونما ہوئے ہیں شاہراہوں کی بندش سے عوام کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا اجلاس میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے تسلسل سے شاہراہوں کی بندش کے واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس کی روک تھام کیلئے موثر حکمت عملی مرتب کرنے کا حکم دیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ایسے تمام اضلاع جہاں روڈز کی بندش تا حال جاری ہے وہاں فوری طور پر شاہراہیں بحال کی جائیں بصورت دیگر متعلقہ افسران کے خلاف کارروائی ہوگی وزیر اعلیٰ نے صوبے میں ایک بار پھر دفعہ 144 نافذ کرنے کے احکامات جاری کیے تا کہ کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کو روکا جا سکے ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے کہا کہ احتجاج کرنا ہر شہری کا حق ہے لیکن قومی شاہراہوں کو بلاک کرنا کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بعض عناصر خواتین اور بچوں کو ڈھال بنا کر مسافروں کو تنگ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جو نا قابل قبول ہے اور اس قسم کی سرگرمیوں کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا ترجمان کے مطابق اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم، آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری سمیت اعلیٰ حکام نے شرکت کی اجلاس میں امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے مختلف اقدامات پر غور کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ہدایت کی کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے شاہراہوں کی غیر قانونی بندش کی روک تھام کے لیے موثر حکمت عملی اپنائیں اور عوام کی مشکلات کا فوری ازالہ کریں۔

(بقیہ 2 صفحہ 2 پر)



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی امن وامان کی صورتحال اور شاہراہوں کی غیر قانونی بندش کے تدارک کیلئے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال | رجسٹریشن نمبر بی سی - زیڈ - 1 | چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | ہفتہ یکم مارچ 2025ء 30 شعبان المعظم 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 60

# صوبے میں ترقیاتی اہداف کے حصول کیلئے تمام ممکنہ اقدامات اٹھائیں گے

## وزیراعلیٰ بلوچستان

### حکومت بلوچستان تعلیمی میدان میں بہتری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اور اس حوالے سے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

### پاکستان پیپلز پارٹی جمہوریت کی بقا اور آئین کی بالادستی کی علامت ہے صوبائی حکومت نے محترمہ بینظیر بھٹو شہید کے نام سے بلوچستان کا سب سے بڑا اسکالرشپ پروگرام شروع کیا

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت جمعہ کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں دس سالہ ترقیاتی پلان سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں تعلیم، صحت، گورننس کی بہتری، بلدیاتی اداروں کی فعالیت اور تصورِ امید فاؤنڈیشن کے تعاون سے یونین کونسل سطح پر تعلیمی اداروں کے قیام جیسے منصوبوں پر غور کیا گیا اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تعلیم کا فروغ حکومت کی اولین ترجیح ہے اگر تصورِ امید فاؤنڈیشن کی معاونت سے ان منصوبوں پر عمل درآمد میں کامیابی حاصل کرلی جائے تو صوبے میں اسکول سے باہر بچوں کی ایک بڑی تعداد کو تعلیمی سہولتیں فراہم کی جاسکیں گی انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان تعلیمی میدان میں بہتری کے لیے عملی

اقدامات کررہی ہے اور اس حوالے سے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں تاکہ مستقبل میں تعلیمی اہداف کو حاصل کیا جاسکے تصور امید فاونڈیشن کی معاونت کی پیشکش حکومتی اہداف کی تکمیل میں غیر معمولی اہمیت کی حامل ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صحت اور گورننس کے شعبوں میں بھی بہتری لانے کے لیے ٹھوس منصوبوں پر تیز رفتار پیش رفت ناگزیر ہے بلدیاتی اداروں کی فعالیت کے حوالے سے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ان اداروں کو مزید مستحکم بنانے کے لیے جامع حکمت عملی تیار کی جارہی ہے تاکہ عوام کو مقامی سطح پر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات ومنصوبہ بندی حافظ عبدالباسط نے مختلف منصوبوں پر بریفنگ دی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہدایات دیں کہ تمام منصوبوں کو شفافیت اور موثر حکمت عملی کے تحت مکمل کیا جائے تاکہ ترقیاتی عمل کے ثمرات عوام تک جلد از جلد پہنچ سکیں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان ترقیاتی اہداف کے حصول کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کرے گی اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر عمل درآمد میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات ومنصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات ومنصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ دریں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعہ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے ذیلی ونگز کے عہدیداروں کے وفد نے پارٹی کے سینئر رہنما سید اقبال شاہ کی سربراہی میں ملاقات کی ملاقات میں صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی بھی موجود تھے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی امن وامان کی صورتحال اور ... کی غیر قانونی بندش کے تدارک کیلئے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



☆☆☆☆☆☆وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں☆☆☆☆☆☆

CamScanner

Balochistan Times
92 NEWS MEDIA GROUP
Founded by Syed Faseih Iqbal in
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTim
Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1024 QUETTA Saturday March 01, 2025 /Sha'ban 30, 1446

# CM for devising plan to prevent illegal closure of highways

## Condemns blast at Jamia Masjid of Darul Uloom Haqqania

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Friday directed that the law enforcement agencies (LEAs) should adopt effective strategies to prevent illegal closure of highways and solve the problems of the people immediately.

He said this while chairing a high-level meeting regarding law and order and illegal closure of national highways. According to Balochistan Government Spokesman Shahid Rind, Additional Chief Secretary Home Zahid Saleem while giving a briefing in the meeting said that there have been 76 incidents of closure of national highways since January 01, due to the closure of the highways, the public faced severe problems.He said that in the meeting, the CM expressed deep concern over the frequent incidents of road closures and ordered to prepare an effective strategy for its prevention. The Chief Minister said that all such districts where the roads are still closed, the highways should be restored there immediately otherwise action will be taken against the concerned officers, he said. He said that the Chief Minister once again issued orders to enforce Section 144 in the province to prevent any illegal activities.

Balochistan government spokesperson Shahid Rind said that it is the right of every citizen to protest but blocking of national highways will not be tolerated under any circumstances. He said that some elements are trying to harass the passengers by using women and children as shields, which is unacceptable and such activities would not be tolerated under any circumstances. In the meeting, various measures were considered to improve the law and order situation. Meanwhile, CM Balochistan strongly condemned the blast at the Jamia Masjid of Darul Uloom Haqqania Akora Khattak, calling it a cowardly act. In a condolence statement, he said that the loss of precious lives in this barbaric attack is an irreparable loss and no matter how much we condemn it, it is insufficient. CM Balochistan expressed his heartfelt condolences and sympathy to the families of all those martyred in the blast, including Maulana Hamidul Haq Haqqani, and said that he equally shared the grief of the bereaved families in this hour of grief.

Separately, a delegation of officials of Pakistan Peoples Party Balochistan led by senior party leader Syed Iqbal Shah, called on CM and apprised him about the affairs of the party workers and the problems they are facing. Talking to the delegation, CM said that the PPP was a symbol of the survival of democracy and the supremacy of the constitution. He said that the government is actively working to create better employment opportunities in Balochistan and a comprehensive program has been launched to promote technical education, under which the youth will be taught modern skills and later they will be provided with employment opportunities abroad. He urged the party workers to make every effort to promote the party's activities in their districts because party workers and youth are our valuable assets and we value them. He said that they would lead the people of Balochistan on the path of progress and prosperity in accordance with the vision of Shaheed Bhutto and Shaheed Benazir Bhutto.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 01 MAR 2025 Page No. 11

## سائنسی نمائش طلباء کی صلاحیتوں میں معاون ثابت ہوگی، ظہور بلیدی

### شہید ڈاکٹر بلوچ ڈگری کالج ہوشاب میں کامیاب سائنسی نمائش اہم قدم ہے، صوبائی وزیر

تربت (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور احمد بلیدی نے شہید ڈاکٹر بلوچ ڈگری کالج ہوشاب کے پرنسپل، اساتذہ اور طلباء کو سائنسی نمائش کے کامیاب انعقاد پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کالج کے طلبا کی تعلیمی لگن اور پرنسپل و اساتذہ کی مسلسل محنت، رہنمائی اور کاوشوں کے باعث اس طرح کی سائنسی نمائش طلباء کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں انتہائی مددگار ثابت ہوں گی یہ نمائش طلباء کی سائنسی اور تخلیقی سوچ کو پروان چڑھانے کے لئے ایک اہم قدم ہے۔

## ملک دشمن قوتیں بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنا رہی ہیں، نور محمد دمڑ

### اکوڑہ خٹک اور کوئٹہ میں دہشت گردی کے واقعات قابل مذمت ہیں، بیان

ہرنائی (نامہ نگار) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے نماز جمعہ کے موقع پر جامع مسجد دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جے یو آئی س کے سربراہ مولانا حامد الحق سمیت دیگر افراد کی شہادت افسوسناک واقعہ ہے مسجد میں معصوم لوگوں کو نشانہ بنانے کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے صوبائی وزیر نے جان محمد روڈ پر فورسز پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان مخالف قوتیں ملک میں بدامنی پھیلانے کے لیے بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنا رہے ہیں دہشتگردی کے خاتمے کے لیے پوری قوم پاک فوج اور سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے انہوں نے شہداء کی بلند درجات اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## بلوچستان، سرکاری ہسپتالوں میں 800 سے زائد ڈاکٹرز کنٹریکٹ پر تعینات

### صحت کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے حکومت اصلاحات پر کام کر رہی ہے، وزیر صحت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر صحت کے شعبے میں ایک اہم پیش رفت کے تحت بلوچستان کے مختلف سرکاری ہسپتالوں میں 800 سے زائد ڈاکٹرز کو کنٹریکٹ پر تعینات کر دیا گیا ہے۔ اس حوالے سے محکمہ صحت بلوچستان نے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس کے مطابق تمام تعینات شدہ ڈاکٹروں کو فوری طور پر اپنی ڈیوٹی جوائن کرنے کی ہدایت کی گئی ہے صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ ان تقرریوں کے بعد سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی فراہمی میں نمایاں بہتری آئے گی اور عوام کو معیاری علاج کی سہولتیں دستیاب ہوں گی انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے اور یہ تقرریاں اسی سلسلے کی ایک کڑی ہیں بخت محمد کاکڑ نے مزید کہا کہ صحت کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے حکومت اصلاحات پر کام کر رہی ہے اور اس مقصد کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں انہوں نے تعینات ہونے والے تمام کنٹریکٹ ڈاکٹروں کو ہدایت دی کہ وہ فوری طور پر اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں تاکہ صوبے کے عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

MASHRIQ QUETTA

## اکوڑہ خٹک و کوئٹہ میں سیکیورٹی فورسز پر دہشتگرد حملے قابل مذمت ہیں، سردار کھیتران

### عبادت گاہوں اور ملکی محافظوں کو نشانہ بنانا دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائیوں کے سوا کچھ نہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران نے اکوڑہ خٹک اور کوئٹہ میں سیکیورٹی فورسز پر ہونے والے دہشت گرد حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے انہیں بزدلانہ اور انسانیت سوز کارروائیاں قرار دیا ہے انہوں نے اکوڑہ خٹک کی مسجد میں دوران........ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

عبادت نمازیوں کی شہادت اور سیکیورٹی اہلکاروں کے زخمی ہونے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے دلی تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ سردار عبدالرحمان کھیتران نے اپنے بیان میں کہا کہ عبادت گاہوں اور ملکی محافظوں کو نشانہ بنانا نہ صرف بزدلی ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 01 MAR 2025 Page No. 12




کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان سیکرٹریز کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## دوہری نوکریاں رکھنے والوں کیخلاف کارروائی تیز کی جائے، چیف سیکرٹری

### شکیل قادر خان کا سیکرٹریز کمیٹی سے خطاب، ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل کرنے کی ہدایات

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت جمعہ کو سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں فائل ٹریکنگ سسٹم، آئی پی ایم ایس، دوہری نوکریاں، ترقیاتی منصوبوں میں تیزی سمیت دیگر اہم امور کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمبر دشتی سمیت تمام سیکرٹریز نے شرکت کی چیف سیکرٹری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام سیکرٹریز فائل ٹریکنگ سسٹم اور پاکستان سٹیزن پورٹل پر عوام کی جانب سے درج شکایات کو فوری طور پر حل کرنے پر خصوصی توجہ دیں اور جو کیسز پینڈنگ یا اوورڈیو ہیں ان کو بھی جلد از جلد حل کریں چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ تمام سیکرٹریز اضلاع میں اپنے عملے کی حاضری کو یقینی بنائے تمام محکمے اگلے پی ایس ڈی پی کے لئے ترقیاتی منصوبوں کی کانسیپٹ پیپر تیار کر کے پی اینڈ ڈی بجھوا دیں صوبے میں ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کر کے مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنایا جائے کیونکہ ان منصوبوں کی تکمیل سے صوبہ ترقی اور لوگوں کی معیار زندگی بہتر ہوگی انہوں نے ہدایت کی کہ تمام سیکرٹریز اپنے ویب سائٹس کو اپڈیٹ اور کمشنرز اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس بنا کر روزانہ کی بنیاد پر ترقیاتی منصوبوں سے متعلق ویڈیوز، تصاویر اپ لوڈ کیا کرے تاکہ عوام کو متعلقہ ڈویژن سے متعلق ترقیاتی منصوبوں کا علم ہو شرکاء کو بتایا گیا کہ صوبے میں 481 افراد دوہری نوکریاں رکھتے ہیں چیف سیکرٹری نے دوہری نوکریاں کرنے والوں کے خلاف کارروائی تیز کرنے کی ہدایت کی۔

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سیکرٹریز کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## فائل ٹریکنگ سسٹم و پاکستان سٹیزن پورٹل پر درج شکایات کا ازالہ کیا جائے، چیف سیکرٹری

### تمام محکمے اگلے پی ایس ڈی پی کیلئے ترقیاتی منصوبوں کی کانسیپٹ پیپر تیار کر کے پی اینڈ ڈی بھجوا دیں، شکیل قادر خان

### ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کیا جائے سکیمات کی بروقت تکمیل سے صوبے میں ترقی و لوگوں کی معیار زندگی بہتر ہوگی

### صوبے میں 481 افراد دوہری نوکریاں رکھتے انکے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی جائے، سیکرٹریز کمیٹی اجلاس میں افسران کو ہدایت

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت جمعہ کے روز سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں فائل ٹریکنگ سسٹم، آئی پی ایم ایس، دوہری نوکریاں، ترقیاتی منصوبوں میں تیزی سمیت دیگر اہم امور کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمبر دشتی سمیت تمام سیکرٹریز نے شرکت کی چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام سیکرٹریز فائل ٹریکنگ .......... 

بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

سسٹم اور پاکستان سٹیزن پورٹل پر عوام کی جانب سے درج شکایات کو فوری طور پر حل کرنے پر خصوصی توجہ دیں اور جو کیسز پینڈنگ یا اوورڈیو ہیں ان کو بھی جلد از جلد حل کریں چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ تمام سیکرٹریز ضلعوں میں اپنے عملے کی حاضری یقینی بنائیں انہوں نے کہا کہ تمام محکمے اگلے پی ایس ڈی پی کے لئے ترقیاتی منصوبوں کی کانسیپٹ پیپر تیار کر کے پی اینڈ ڈی بھجوا دیں صوبے میں ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کر کے مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنایا جائے کیونکہ ان منصوبوں کی تکمیل سے صوبہ ترقی اور لوگوں کی معیار زندگی بہتر ہوگی انہوں نے ہدایت کی کہ تمام سیکرٹریز اپنے ویب سائٹس کو اپڈیٹ کرے اور کمشنرز اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس بنا کر روزانہ کی بنیاد پر ترقیاتی منصوبوں سے متعلق ویڈیوز، تصاویر اپ لوڈ کیا کرے تاکہ عوام کو متعلقہ ڈویژن سے متعلق ترقیاتی منصوبوں کا علم ہو اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ صوبے میں 481 افراد دوہری نوکریاں رکھتے ہیں چیف سیکرٹری نے دوہری نوکریاں کرنے والوں کے خلاف کارروائی تیز کرنے کی ہدایت کی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 01 MAR 2025

Page No. 16

## ڈاکوؤں کے تعاقب میں جانیوالی پولیس پارٹی پر حملہ، ایس ایچ او زخمی

**نیشنل بینک اوتھل سے ڈاکو رقم سے بھرے تھیلے لیکر فرار، واردات میں استعمال ہونیوالی گاڑی خود ہی نذر آتش کردی**

بیلہ (نامہ نگار) ڈاکو بینک عملے کو یرغمال بنا کر رقم لوٹ کر فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل بینک اوتھل برانچ میں ڈاکو عملے دو پولیس گارڈز محمد نواز اور محمد داؤد کو زخمی کر کے رقم سے بھرے تھیلے لے کر فرار ہوگئے، فورسز کی وردی میں ملبوس ڈاکوؤں کی تعداد چھ بتائی جاتی ہے تاہم بینک منیجر اور عملہ بار بار رابطے کے باوجود فون اٹینڈ کرنے سے گریزاں ہے، دوسری جانب واردات کی اطلاع پر تعاقب میں جانے والی پولیس پارٹی پر ڈاکوؤں نے فائرنگ کردی، جس میں ایس ایچ او اوتھل یار محمد المعروف کمانڈو شدید زخمی ہوگئے جنہیں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال اوتھل میں ابتدائی طبی امداد کے بعد کراچی منتقل کردیا گیا۔ بعد ازاں ڈاکوؤں نے واردات میں استعمال کی گئی گاڑی خود ہی نذر آتش کردی، ذرائع کے مطابق وہاں سے ڈاکو قریب ہی کھڑی موٹر سائیکلوں پر سوار ہوکر فرار ہوگئے گو کہ پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے۔

## ایس بی کے ٹیسٹ کے کامیاب امیدواروں کا دھرنا جاری، کمیٹی کا صدر اور ساتھی گرفتار

**حکومت اور محکمہ تعلیم کی جانب سے ان کی تقرری کے احکامات میں بلا جواز تاخیر کی جارہی ہے، مظاہرین**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی کے تحت ٹیسٹ میں کامیاب اور محکمہ تعلیم میں بھرتی کے منتظر امیدواروں کا جمعہ کو دوسرے روز بھی بلوچستان اسمبلی کے سامنے دھرنا جاری رہا، پولیس نے دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر ایس بی کے شارٹ لسٹ کمیٹی کے صدر نور اللہ سمیت 7 امیدواروں کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی کے تحت ٹیسٹ میں کامیاب اور محکمہ تعلیم میں بھرتی کے منتظر امیدواروں نے گزشتہ روز میٹرو پولیٹن کارپوریشن کے سبزہ زار سے بلوچستان اسمبلی تک ریلی نکالی اور اسمبلی کے سامنے دوسرے روز بھی دھرنا دیا، مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے رہنماؤں نے کہا کہ حکومت اور محکمہ تعلیم کی جانب سے ان کی تقرری کے احکامات میں بلا جواز تاخیر کی جارہی ہے حالانکہ اس سلسلے میں عدالت عظمیٰ کی جانب سے حکومت کو واضح احکامات بھی دیئے جاچکے ہیں انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں کسی صورت مزید تاخیر برداشت نہیں کریں گے پولیس نے ایس بی کے شارٹ لسٹ کمیٹی کے صدر نور اللہ سمیت 7 امیدواروں کو میٹرو پولیٹن کارپوریشن کے سبزہ زار سے بلوچستان اسمبلی تک ریلی نکالنے کے دوران دفعہ 144 کے نفاذ کی خلاف ورزی کرنے اور روڈ بلاک کرنے پر گرفتار کرلیا۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ بم دھماکہ سیکورٹی اہلکاروں سمیت 15 افراد زخمی ٹراما سینٹر منتقل

**سیکورٹی فورسز کی گاڑی کو شدید نقصان، نزدیکی دکانوں، عمارتوں کے شیشے ٹوٹ گئے، دھماکے کی آواز دور دور تک سنی گئی، زخمی ٹراما سینٹر منتقل**

**دھماکے کے بعد آگ بھڑک اٹھی، پولیس و سیکورٹی فورسز، بم ڈسپوزل اسکواڈ اور فائر بریگیڈ کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں، علاقے میں شدید خوف و ہراس**

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں موٹر سائیکل میں نصب دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے سیکورٹی اہلکار سمیت 15 افراد زخمی ہوگئے دھماکے سے موٹر سائیکل کے پرخچے اڑ گئے اور سیکورٹی فورسز کی گاڑی کو........

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

شدید نقصان پہنچا نزدیکی دکانوں، عمارتوں کے شیشے ٹوٹ گئے دھماکے کی آواز دور دور تک سنی گئی دھماکے سے آگ بھڑک اٹھی دھماکے سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز، بم ڈسپوزل اسکواڈ اور فائر بریگیڈ کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لیکر زخمیوں کو ٹراما سینٹر منتقل کردیا اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کی ٹیموں نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرلئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے گنجان آباد علاقے الگیلانی اور جان محمد روڈ کراس کے قریب سڑک کنارے کھڑی موٹر سائیکل میں نصب دھماکہ خیز مواد زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں قریب سے گزرنے والی سیکورٹی فورسز کی گاڑی کو شدید نقصان پہنچا اور گاڑی میں سوار ایف سی صوبیدار عمران، محمد اقبال، محمد ہاشم، وقاص، محب اللہ، صلاح الدین، شیر علی، عالم دین، عامر، اشفاق زخمی ہوگئے دھماکے سے موٹر سائیکل کے پرخچے اڑ گئے اور گاڑی کو نقصان پہنچا دھماکے سے نزدیکی عمارتوں اور دکانوں کے شیشے ٹوٹ گئے دھماکے سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا دھماکے کی آواز دور دور تک سنی گئی دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس، سیکورٹی فورسز، بم ڈسپوزل اسکواڈ اور امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں علاقے کو گھیرے میں لیکر زخمیوں کو ٹراما سینٹر منتقل کردیا پولیس کے مطابق دھماکا خیز مواد موٹر سائیکل میں نصب تھا دھماکے کے بعد علاقے کی ناکہ بندی کر کے سرچ آپریشن شروع کردیا گیا ہے مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: روزنامہ جنگ

Bullet No. 5 Dated: Page No. 17

# کوئٹہ میں بدترین ٹریفک جام!

بدقسمتی سے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ بڑے مسائل سے دوچار ہے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ یہ شہر بڑی اہمیت کا حامل ہونے کے باوجود مسائل سے چھٹکارا حاصل نہیں کر پا رہا۔ بلکہ یہ مسائل کم ہونے کے بجائے مزید بڑھتے جا رہے ہیں۔ ان بڑے مسائل میں ایک بہت بڑا مسئلہ اہم شاہراہوں پر دھرنا دینا ہے کیونکہ ان دھرنوں کے باعث ٹریفک بدترین جام ہوجاتی ہے جب ایک شاہراہ دھرنے کے باعث بند ہوجاتی ہے تو اس کی وجہ سے دیگر شاہراہوں پر بھی ٹریفک جام ہوجاتا ہے۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی سڑکیں چھوٹی ہیں ان میں سے اکثر ہزاروں کی آبادی کے لیے بنی تھیں لیکن اب چونکہ آبادی لاکھوں میں چلی گئی ہے تو اس صورت میں یہ سڑکیں مزید بوجھ برداشت نہیں کر سکتیں۔ شہر میں چند ایک سڑکوں کی کشادگی کے علاوہ اب تک وہی سڑکیں موجود ہیں۔ جن کو کشادہ کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ کوئٹہ میں بدترین ٹریفک جام ہونے کے بارے میں اکثر اس میں بہتری لانے کے دعوے ہوتے رہے ہیں۔ اس سلسلے میں کئی مرتبہ اعلیٰ سطحی اجلاس بھی منعقد ہوئے جس میں اس اہم مسئلے کو حل کرنے کے لیے اقدامات اٹھانے کے فیصلے کئے گئے لیکن یہ سب بے سود ثابت ہوئے۔ بدقسمتی سے ٹریفک کے زیادہ ہونے کے باوجود اکثر احتجاجی دھرنے بھی اہم شاہراہوں پر دیئے جاتے ہیں۔ اس کی وجہ سے ٹریفک کا نظام درہم برہم ہو کر رہ جاتا ہے اور اس طرح شہر میں بدترین ٹریفک جام ہوجاتا ہے جس کے باعث ان سڑکوں پر گاڑیوں کی لمبی لمبی قطاریں لگ جاتی ہیں جس میں عوام خصوصاً بوڑھوں، بچوں اور عورتوں کو بڑی تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے جو کہ بڑی تشویش کی بات ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5

Dated: 01 MAR 2025 Page No. 18

# Hefty airfares

Traveling via airplane from Quetta to Karachi and other parts of the country has become much more expensive. The relentless surge in airfares, particularly for the vital Quetta-Karachi route and other domestic destinations, has transformed essential travel into a luxury, a privilege reserved for the affluent few. This crisis is not born of mere market fluctuations. It is a direct consequence of the crumbling infrastructure on Balochistan's highways. The deplorable condition of these roads, plagued by potholes, treacherous curves, and a chronic lack of maintenance, renders ground travel a perilous and time-consuming ordeal. Add to this the frequent and disruptive highway blockades due to protests, a desperate cry for basic rights often ignored, and the result is a transportation network in a state of near-collapse. In such circumstances, air travel becomes not a choice, but a necessity. For medical emergencies, urgent business meetings, or simply to reach loved ones in times of crisis, many are compelled to take to the skies. But the airlines, instead of providing a lifeline, have seized the opportunity to exploit the desperation of the populace. For many, a single round trip to Karachi can consume a significant portion of their monthly income, forcing them to choose between essential needs and vital travel. This is not just an inconvenience; it is a fundamental denial of their right to mobility and access. The government's silence on this issue is deafening. While the authorities remain seemingly indifferent, the airlines operate with impunity, their profits soaring at the expense of the people. This is a clear case of market failure, where the absence of effective regulation and oversight has allowed a select few to dictate prices, with devastating consequences for the public. It is the government's responsibility to intervene and address this crisis. It is essential that the Civil Aviation Authority must implement a transparent and effective mechanism to regulate airfares, ensuring that they are fair and reasonable. This should include price caps and measures to prevent predatory pricing during periods of high demand. While air travel is essential, it cannot be a substitute for a functional road network. The government must prioritize the rehabilitation and expansion of Balochistan's highways, ensuring safe and reliable ground transportation. The frequent highway blockades are a symptom of deep-seated grievances. The government must engage with the affected communities and address their legitimate concerns, fostering dialogue and finding sustainable solutions. The government must act swiftly and decisively to address this crisis, restoring the skies above Quetta to a symbol of connection and opportunity, not a monument to exploitation.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN


نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 01 MAR 2025 Page No.________



کوئٹہ، اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت صوبائی وزراء عاصم کرد گیلو سردار عبدالرحمن کھیتران صادق عمرانی حاجی نور محمد دمڑ ظہور احمد بلیدی اراکین اسمبلی انجینئر زمرک اچکزئی پرنس آغا عمر احمد زئی پیش کی گئی تحریک اور مشترکہ قرارداد پر اظہار خیال کر رہے ہیں



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سے سینیٹر عبدالشکور اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.______ Dated: 01 MAR 2025 Page No.______



آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری ریٹائرڈ ہونے والے ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹر قمر الحسن، ڈی ایس پی بہرام خان اور ڈپٹی ڈائریکٹر محمود علی چشتی کو قالین اور سوینئر دے رہے ہیں